STATE PLANNING REFORM

# FACT SHEET

## کمیونٹی کے تعارف کے لیے معلوماتی پرچہ

**آپکی رائے سے ساؤتھ آسٹریلیا میں پلاننگ کے نظام کا مستقبل ڈھالنے میں مدد ملے گی جبکہ یہ نظام 20 سال میں وسیع ترین جدت کے عمل سے گزر رہا ہے۔**

### ہمارا نیا نظام

ایک جدید پلاننگ کا نظام ہم سب کے طرز زندگی کے لیے اہم ہے اور جب یہ نظام درست طریقے سے بنایا گیا ہو تو یہ زندگی سے بھرپور اور مربوط کمیونٹیاں اور بستیاں تخلیق کرتا ہے۔

ہمارے نئے نظام کے دو اہم حصے ہیں: تعمیراتی کام کے لیے اصول (جنہیں 'پلاننگ اینڈ ڈیزائن کوڈ' کہا جاتا ہے) اور تعمیراتی کام کی درخواستوں کے لیے ایک آن لائن پراسیسنگ سسٹم (جسے 'ای پلاننگ' کہا جاتا ہے)۔

### پلاننگ اینڈ ڈیزائن کوڈ

پلاننگ اینڈ ڈیزائن کوڈ (کوڈ) ساؤتھ آسٹریلیا کے نئے پلاننگ کے نظام کا سنگ بنیاد ہے اور یہ پوری سٹیٹ میں تعمیراتی کام کی درخواستوں پر غور کے لیے تمام پلاننگ کے اصولوں اور زون کی تقسیم کا واحد ذریعہ بنے گا۔

کوڈ وہ اصول بیان کرتا ہے جن سے طے ہوتا ہے کہ زمین کے مالک اپنی زمین پر کیا کر سکتے ہیں۔ اصولوں کا یہ واحد سیٹ موجودہ پلاننگ کے نظام میں شامل 72 کاؤنسل ڈیویلپمنٹ پلانز اور پلاننگ پالیسی کے 23 ہزار سے زیادہ صفحات کی جگہ لے گا۔ یہ نیا پلاننگ کا نظام جولائی 2020 سے پورے ساؤتھ آسٹریلیا میں مؤثر ہو جا ئے گا۔

کوڈ پلاننگ کے عمل کو ہمیشہ سے بڑھ کر زیادہ تیز، سادہ اور منصفانہ بھی بنا ئے گا اور اس طرح لوگوں کو پلاننگ سے متعلق ہم آہنگ اور واضح معلومات تک زیادہ رسائی حاصل ہو گی۔ مثال کے طور پر، کوڈ 1500 سے زیادہ زونز کو گھٹا کر صرف 55 زون بنا دے گا۔

کوڈ کو تین مراحل میں متعارف کرایا جا رہا ہے۔

پہلے مرحلے کا تعلق سٹیٹ کے دوردراز اور کوسٹل واٹر پٹی کے علاقوں سے تعلق رکھتا ہے اور یہ پہلے ہی مکمل ہو چکا ہے۔ مرحلہ 2 دیہی علاقوں سے تعلق رکھتا ہے اور یہ اپریل 2020 سے عمل میں آ ئے گا۔ مرحلہ 3 بڑے شہروں اور بڑے ریجنل قصبوں سے تعلق رکھتا ہے اور یہ جولائی 2020 سے عمل میں آ ئے گا۔ SA پلاننگ پورٹل پر ایک نقشہ ہر مرحلے کے تحت آنے والے علاقے دکھاتا ہے۔

اکثر صورتوں میں یہ نہیں بدلے گا کہ آپ اپنی زمین پر کیا کر سکتے ہیں۔ مثال کے طور پر، اگر آپ ڈیویلپمنٹ پلان کے تحت مکان بنا سکتے تھے تو اب نئے کوڈ کے تحت بھی مکان بنا سکیں گے۔

### کوڈ میں کیا شامل ہے

نئے کوڈ میں اوور لے، زون، سب زون کہلائے جانے والے حصے اور عام تعمیراتی پالیسیاں شامل ہیں جن سب سے مل کر وہ اصول مہیا ہوتے ہیں جو کسی خاص قطعہ زمین کے لیے لاگو ہوتے ہیں۔ اسے کوڈ فریم ورک کہا جاتا ہے۔

STATE PLANNING COMMISSION

'اوور لے' میں وہ پالیسیاں اور نقشے شامل ہیں جو خاص زمینی پہلوؤں یا حسّاس امور کا مقام اور حد دکھاتے ہیں جیسے ورثہ قرار دیے جانے والے مقامات یا جنگلاتی آگ کا زیادہ خطرہ رکھنے والے علاقے۔

'زون' سے مراد وہ علاقے ہیں جن میں زمین کا استعمال ایک جیسا ہے اور جن میں مخصوص قسموں کی تعمیر و ترقی کی اجازت ہے۔ یہ کوڈ کا اہم ترین حصہ ہیں اور انہیں پوری سٹیٹ میں ہم آہنگی کے ساتھ لاگو کیا جائے گا۔

'سب زون' ایک زون کے اندر پالیسی میں ایسے ردّوبدل کا موقع فراہم کرتے ہیں جس سے مقامی خصوصیات کا اظہار ہو سکتا ہے۔

عام تعمیراتی پالیسیاں تعمیراتی کام کے عملی تقاضے واضح کرتی ہیں جیسے کار پارکنگ یا گندے پانی کے نکاس کی ضرورت۔

جہاں زون یہ طے کرتے ہیں کہ ایک علاقے میں *کیا* تعمیراتی کام ہو سکتا ہے (مثلاً مکان)، عام تعمیراتی پالیسیاں یہ رہنمائی کرتی ہیں کہ یہ تعمیراتی کام *کیسے* ہونا چاہیئے (مثلاً پارکنگ کے تقاضے)۔

## کوڈ تک رسائی کیسے ممکن ہے

کوڈ کو ایک آن لائن سسٹم کے اندر دستیابی کے لیے بنایا گیا ہے۔جب اپریل 2020 (دیہی علاقے) اور جولائی 2020 (شہری علاقے) میں کوڈ مؤثر ہو گا تو تمام تعمیراتی درخواستوں پر کارروائی آن لائن ہو گی۔ یہ ای پلاننگ سسٹم ہر شخص کے لیے زمین کے کسی قطے کے بارے میں آن لائن سوالات پوچھنا ممکن بنائے گا اور اسے اس بارے میں فوری معلومات مل سکیں گی کہ اس زمین پر کیا کیا جا سکتا ہے (جیسے کونسے خاص پلاننگ کے اصولوں اور پالیسیوں کا اطلاق ہوتا ہے)۔

براہ مہربانی متوجہ ہوں کہ ای پلاننگ سسٹم ابھی دستیاب نہیں ہے، مشاورتی عرصے کے دوران کوڈ کو ایک دستاویز کی صورت میں دستیاب بنایا جا رہا ہے جو بہت ٹیکنیکل نوعیت کی دستاویز ہے۔ مشاورت کے دوران کوڈ پڑھنے میں آپکو مدد دینے کی غرض سے امدادی مواد تیار کیا گیا ہے جس میں یہ شامل ہے:

- کوڈ کے مرحلہ 2 (دیہی علاقے) اور مرحلہ 3 (شہری علاقے) کو ایسی صورت میں SA پلاننگ پورٹل پر مہیا کیا گیا ہے کہ اس میں سرچ کی جا سکے
- کوڈ کی چھپی ہوئی کاپیاں Level 5, 50 Flinders Street, Adelaide پر DPTI کے دفتر سے اور پوری سٹیٹ میں تمام 68 کاؤنسلوں کے دفاتر سے دستیاب ہیں
- ایک خاص کاؤنسل کے علاقے سے متعلقہ کوڈ کے اقتباسات SA پلاننگ پورٹل، DPTI میں اور آپکی لوکل کاؤنسل سے دستیاب ہیں
- معلوماتی پرچے، رہنما کتابچے، وڈیوز اور اکثر پوچھے جانے والے سوالات (FAQs)
- آن لائن نقشے

## اپنی رائے دیں

کوڈ کے مرحلہ 2 پر مشاورتی عمل 29 نومبر 2019 کو آدھی رات تک (بمطابق آسٹریلین سنٹرل سٹینڈرڈ ٹائم) اور مرحلہ 3 پر مشاورتی عمل 28 فروری 2020 کو آدھی رات تک (بمطابق آسٹریلین سنٹرل سٹینڈرڈ ٹائم) جاری ہے۔

آپ کوڈ فریم ورک، پالیسیوں کے الفاظ، مختلف تعریفوں اور ان میں استعمال ہونے والے الفاظ، مختلف اصولوں کا اطلاق سٹیٹ کے کن حصوں میں ہوتا ہے، اور درخواستوں پر غور کے طریقے کے بارے میں اپنی رائے دے سکتے ہیں۔

## مزید معلومات

آپ یہاں کوڈ اور تمام امدادی مواد حاصل کر سکتے ہیں www.saplanningportal.sa.gov.au/en/have_your_say

اگر آپ کوئی سوال پوچھنا چاہیں تو براہ مہربانی DPTI.PlanningReform@sa.gov.au پر ای میل یا 1800 318 102 پر فون کریں۔

اگر آپ سٹیٹ پلاننگ ریفارم سے بات کرنے کے لیے انٹرپریٹر (زبانی مترجم) استعمال کرنا چاہیں تو براہ مہربانی **1800 280 203 پر انٹرپریٹنگ اینڈ ٹرانسلیٹنگ سنٹر کو فون کریں۔**

STATE PLANNING COMMISSION